# داخلہ گائیڈ

اسلامی یونیورسٹی مدینہ منورہ میں بین الاقوامی طلباء کےلئے
بیرونی اسکالر شپ- پر بیچلر میں داخلہ لینے کےلئے رہنما-
کتابچہ

داخلہ بھیجنے کی تاریخ:

01/05/2025 تا 3 /11 /1445

بمطابق

14/06/2025 تا 18/12/1446



بسم الله الرحمن الرحيم

## اسلامی یونیورسٹی(مدینہ منورہ)کا مختصر تعارف

اسلامی یونیورسٹی کا قیام شاہی فرمان نمبر (11) کے تحت، مورخہ 25ربیع الاول1381 ھ بمطابق 6 ستمبر 1962 کو عمل میں آیااور اس میں تعلیم کا باقاعدہ آغاز 2 جمادی الاولی 1381ھ بروز اتوار کو ہوا۔ سعودی بین الاقوامی ادارہ ہونے کی حیثیت سے اسلامی یونیورسٹی کا مقصد دنیا کے تمام ممالک کے طلباء کو اسلامی اور عربی علوم کے ساتھ دیگر علوم کی تعلیم دینا اور سائنسی تحقیق اور نمایاں سوشل خدمات کیلیئے خصوصی توجہ دینے کے ساتھ ساتھ ٹیکنالوجی کا بہترین استعمال کرتے ہوئےاسلام کے دائمی پیغام کو عام کر کے اپنے مشن کو حاصل کرنا ہے ۔

جامعہ میں اس کی بنیاد کے آغاز سے لے کر اب تک 60 سال سے زیادہ کا عرصہ ہو چکا ہےجہاں پر اب تک 170 سے زیادہ ممالک کے طلباء یونیورسٹی میں داخلہ لے چکے ہیں اور اس وقت 140 سے زیادہ ممالک کے طلباء اس میں زیرتعلیم ہیں ، جو اس کے تقریبا 85٪ باقاعدہ (ریگولر)طلباء کی نمائندگی کرتے ہیں۔

## بین الاقوامی(بیرونی) اسکالرشپ کا تعارف:

**بیرونی اسکالرشپ سے مراد:** وہ تعلیمی نشست ہے جو سعودی عرب سے باہر مقیم غیر سعودی طالب علم سعودی عرب کے اعلی تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے حاصل کرتا ہے۔ یہ انڈرگریجویٹ سطح پر ریگولر طلباء کے لئے ایک مفت نشست ہے جو سعودی عرب کی حکومت کی طرف سے بین الاقوامی طلباء کو فراہم کی جاتی ہے جس میں طلباء کو متعدد مالی مراعات کے ساتھ ساتھ یونیورسٹی کے ماحول کے لئے موزوں خدمات بھی فراہم کی جاتی ہیں۔

## بین الاقوامی اسکالرشپ حاصل کرنے والے طالب علم کیلیئے مالی مراعات:

- ماہانہ الاؤنس
- یونیورسٹی پہنچنے پر سامان کے لئے دو ماہ کا بونس
- کتابوں کی شپنگ کے لئے گریجویشن الاؤنس کے طور پر تین ماہ کا وظیفہ
- کتابوں کے لئے ایک ماہ کا سالانہ بونس، اور یہ صرف تعلیم کو توسیع(اضافی سمسٹر) دیے بغیر، مخصوص چار سالہ قانونی مدت میں مکمل کرنے والے کو ملے گا۔
- ہر تعلیمی سال کے اختتام پر سفر کیلیئے طالب علم کی رہائش گاہ کے قریب ترین ہوائی اڈے تک کا اکانومی کلاس کا ٹکٹ بشرطیکہ طالب علم نے کسی دوسری پارٹی سے ٹکٹ حاصل نہ کیا ہو۔

**جامعہ کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ جزوی اسکالرشپ یا بیرونی ذرائع سے مالی معاونت حاصل کرنے والے طالب علم کو مندرجہ بالا مراعات میں سے کچھ فراہم کرے.**

## بین الاقوامی اسکالرشپ کے طالب علم کو فراہم کردہ سہولیات:

- جامعہ کے کیمپس اور مسجد نبوی کے درمیان آمدورفت کیلیئے فری بس سروس
- مرکزی لائبریری
- مفت طبی خدمات
- مشاورت اور رہنمائی
- علمی اور ثقافتی سرگرمیاں
- ڈسکاؤنٹ کھانا

**جامعہ اپنے طلبہ کے لئے یونیورسٹی کےکیمپس میں عوامی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے لہذا اس نے متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر اپنے عملے کے لیے درج ذیل ضروری سہولیات کی فراہمی کے لئے پروگرام طے کیا ہے، جو یہ ہیں:**

- شاپنگ سینٹرز
- ریستوراں اور فاسٹ فوڈ اسٹورز
- ائیرلائن کا دفتر
- اسٹیشنری اورفوٹو کاپی کی دکانیں
- سفر وسیاحت اور کارگو(شپنگ) کا دفتر
- ڈاک خانہ
- تجارتی کتب خانے

## تعلیمی پروگرامز:

| شعبہ | کالج | پروگرام | ڈگری | تعلیمی دورانیہ |
|---|---|---|---|---|
| شرعی کالجز | شریعہ | شریعہ | بیچلر | 4 سال |
| | عقیدہ ودعوت | عقیدہ اور دعوت | بیچلر | 4 سال |
| | قرآن کریم | قرآن کریم | بیچلر | 4 سال |
| | حدیث شریف | حدیث شریف | بیچلر | 4 سال |
| | عربی زبان | عربی زبان | بیچلر | 4 سال |
| | قانون اور معیشت | قانون (دستور) | بیچلر | 4 سال |
| | | اسلامی معیشت | | |
| سائنس کالجز | انجینئرنگ کالج | الیکٹریکل انجینئرنگ | بیچلر | 5 سال |
| | | میکینکل انجینئرنگ | بیچلر | 5 سال |
| | | سول انجینئرنگ | بیچلر | 5 سال |
| | | صنعتی انجینئرنگ | بیچلر | 5 سال |
| | کمپیوٹر کالج | کمپیوٹر سائنس | بیچلر | 5 سال |
| | | انفارمیشن سسٹم | بیچلر | 5 سال |
| | | انفارمیشن ٹیکنالوجی | بیچلر | 5 سال |

**تنبیہ:** عربی زبان کی تعلیم کے ادارے(معہد تعلیم اللغة العربية) میں داخلہ دراصل کالج میں داخلے کے لئے تیاری کا ایک مرحلہ ہے ، اور اس میں طالب علم اپنی خواہش اور مرضی کے مطابق داخلہ نہیں لے سکتابلکہ یونیورسٹی طالب علم کی عربی زبان کی استعداد اور صلاحیت کو دیکھ کر خود تعین کرے گی کہ اس میں کس کو داخلہ دیناہے۔

## داخلے کیلئے شرائط:

- درخواست گزار ہائی اسکول ڈپلوما یا اس کے مساوی سرٹیفکیٹ مملکت سعودی عرب کے اندرسے یا باہر سے حاصل کردہ ہو۔
- سائنسی کالجوں میں داخلے کے لئے ضروری ہے کہ طالب علم نے ہائی اسکول ڈپلوما یا اس کے مساوی سرٹیفکیٹ سائنسی شعبے میں حاصل کیا ہو۔
- ہائی اسکول ڈپلوما یا اس کے مساوی سرٹیفکیٹ کو حاصل کیے ہوئے پانچ سال سے زیادہ نہیں ہوئے ہوں۔
- اچھے اخلاق اور کردار کا حامل ہو۔
- عمر 17 سال سے کم اور 25 سال سے زیادہ نہ ہو۔
- نظم و ضبط کی بناء پر کسی اور یونیورسٹی سے نکالا نہ گیا ہو۔
- درخواست گزار نے سعودی عرب کے کسی بھی تعلیمی ادارے سے کوئی اور اسکالرشپ حاصل نہ کی ہو۔
- اپنے ملک کے کسی معروف ادارے، کسی مذہبی شخصیت یا جامعہ کی کسی نامور اور معتمد شخصیت کا تزکیہ۔
- میڈیکل سرٹیفکیٹ -طبی طور پر فٹ اور معذور نہ ہو۔
- یونیورسٹی کی طرف سے کوئی بھی اعلان کردہ امتحان یا انٹرویو پاس کرنا۔
- ریاست اور یونیورسٹی کے قواعد و ضوابط کی پابندی کرنے کا عہد کرنا۔
- قرآن کریم کے کالج میں داخلے کے لئے ، مکمل قرآن کریم کا حافظ ہونا اور اس کے لئے زبانی امتحان پاس کرنا شرط ہے۔

**سائنسی کالجوں میں داخلے کے خواہشمند وہ طلباء جنہوں نے کسی ایسے ملک سے سیکنڈری سرٹیفکیٹ حاصل کیاہے جہاں تعلیمی زبان انگریزی نہیں ہے،تو ان کے لئے (TOFEL) ٹیسٹ میں کم سے کم (500) نمبرز یا اس کے مساوی مندرجہ ذیل امتحانات میں سے بیان کردہ مطلوبہ نمبرز حاصل کرنے کا سرٹیفکیٹ پیش کرنا ضروری ہے۔ ٹیسٹوں کی تفصیل درج ذیل ہے:**

| TOFEL | | | IELTS | STEP |
|---|---|---|---|---|
| PBT | CBT | IBT | | |
| 550 | 213 | 80-79 | 6 | 97 |
| 500 | 173 | 61 | 5 | 83 |
| 475 | 153 | 53 | 4.5 | 75 |
| 453-450 | 133 | 46-45 | 4 | 67 |
| 403-400 | 97 | 32 | 3.5 | 52 |

## عربی زبان کے لیول کو معلوم کرنے کا امتحان :

- اس ٹیسٹ کا مقصد یونیورسٹی میں داخلہ لینے والے طالب علم کی زبان کی صلاحیت کو جاننا ہے تاکہ اس کے لئے مناسب تعلیمی شعبے کا انتخاب کیا جا سکے (یعنی ابتدائی عربی زبان سیکھنے کا شعبہ یا براہ راست جس کالج میں وہ داخلے کا خواہش مند ہےاس میں اسے داخلہ دینا) ۔
- یہ ٹیسٹ تمام درخواست دہندگان کے لیے نہیں ہے، بلکہ ان کے لیے ہے جن سے یونیورسٹی ٹیسٹ لینا ضروری سمجھے جس کی تفصیلات کا بعد میں اعلان کیا جائے گا ۔

## ضروری گزارشات:

- شرعی کالجوں میں تعلیم عربی میں دی جاتی ہے، اور سائنسی کالجوں میں عربی اور انگریزی میں۔
- یونیورسٹی میں داخلہ کے حصول کےلئے درخواستیں وصول کرنے کے لئے دنیا میں کہیں بھی یونیورسٹی کے دفاتر یا ایجنٹ نہیں ہیں
- داخلہ کے لئے درخواستیں صرف مخصوص آن لائن پورٹل(https://studyinsaudi.moe.gov.sa/) کے ذریعہ وصول کی جاتی ہیں۔
- درخواست گزار کو چاہیئے کہ اپنی درخواست خود بھیجے اور درخواست کی تکمیل کے بعد دیئے گئے درخواست نمبر کو ذمہ داری کے ساتھ اپنے پاس محفوظ رکھے۔
- یونیورسٹی میں داخلے کے لئے درخواست دینے کا مطلب ہرگز یہ نہیں ہے کہ آپ کا داخلہ ہو جائے گا ۔
- درخواست گزار کی طرف سے درخواست میں درج کردہ معلومات پر انحصار نہیں کیا جائے گا جب تک کہ متعلقہ دستاویزات اس کے ساتھ منسلک نہ کر دی جائیں۔

## داخلہ کےلئے مطلوبہ ضروری کاغذات/ دستاویزات:

- انٹرمیڈیٹ یا ایف اے کے اصلی سرٹیفیکیٹ کی کاپی اس کے عربی ترجمہ کے ساتھ اگر وہ عربی میں نہیں ہے.
- اصلی مارک شیٹ کی کاپی اس کے عربی ترجمہ کے ساتھ اگر وہ عربی میں نہیں ہے.
- پاسپورٹ کی اصل تصویر۔
- پیدائشی سرٹیفکیٹ کی تصویر۔
- پولیس کریکٹر سرٹیفکیٹ۔
- طبی رپورٹ جو بیماریوں اور معذوریوں سے پاک ہونے کی تصدیق کرے۔
- اپنے ملک کے کسی معروف ادارے، کسی مذہبی شخصیت یا جامعہ کی کسی نامور اور معتمد شخصیت سے دو عدد تزکیے.
- حالیہ اور واضح پاسپورٹ سائز تصویر۔
- ادرس في السعودية- (https://studyinsaudi.moe.gov.sa/) پلیٹ فارم پر مطلوب کوئی بھی اضافی دستاویزات.

## اقرار نامہ

- درخواست گزار کو یہ عہد کرنا ہو گا کہ داخلہ بھیجتے ہوئےدرخواست میں جو معلومات فراہم کی ہیں وہ درست ہیں اور اس کے تمام کاغذات اور سرٹیفیکیٹس تبدیلی یا جعلسازی سے پاک ہیں۔ اور کاغذات کے جعلی ثابت ہونے کی صورت میں درخواست گزار کا داخلہ منسوخ کردیا جائے گا اور وہ قانونی سزا کا مستحق ہوگا۔
- طالب علم ریاست اور یونیورسٹی کے قواعد و ضوابط کی پابندی کرنے کا عہد کرے گا، جس میں طالب علم کو فارغ التحصیل ہونے ، یا تعلیم کے دوران غیر حاضری یا تعلیم چھوڑنے، یا داخلہ منسوخ ہونے کی صورت میں مملکت کے اندر رہنے کی اجازت نہیں ہوگی،اور وہ اپنی کفالت یونیورسٹی کے علاوہ کسی اور کو منتقل کرنے کا حقدار نہیں ہو گا، اوراپنے ملک واپس جانے کا پابند ہو گا۔ خلاف ورزی کی صورت میں یونیورسٹی کو اس کے خلاف قانونی کارروائی کرنے کا حق حاصل ہوگا۔
- درخواست گزار کےلئے لازمی ہے کہ وہ اپنی درخواست کے ساتھ فراہم کردہ اکاؤنٹ اور جو ای میل ایڈریس اس نے درخواست فارم میں درج کیا ہے، اس کو اپنے پاس محفوظ رکھے اور وقتا فوقتا دیکھتا رہے ۔

## درخواست بھیجنے کا طریقہ:

جامعہ میں داخلہ کےلئے درخواست ادرس فی السعودیہ پلیٹ فارم پر مندرجہ ذیل لنک کے ذریعے بھیجی جائے گی ۔

**https://studyinsaudi.moe.gov.sa/**

الإدارة العامة
للإتصال والهوية
المؤسسية

iu.edu.sa
iu_edu
iu_edu_sa